ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(460)

مورخہ 24.08.2023

**بہاولپور(        )پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈان، گزشتہ روز مختلف مقدمات میں متعدد ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں منشیات وشراب برآمد، ملزمان پابند سلاسل**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ایس ایچ او تھانہ صدر حاصل پور بلال قریشی نے سپیشل ٹیم تشکیل دے کر منشیات فروشی کے مرتکب 01 ملزم سجاد ولد احمد خان کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 1150 گرام چرس برآمد کر لی۔اسی طرح شراب فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے تھانہ کینٹ اور تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ پولیس نے 02 ملزمان ندیم اور صابر قریشی کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 75 لیٹر دیسی شراب برآمد کر لی۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی۔اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ منشیات سے نوجوانوں کی زندگیاں متاثر ہو رہی ہیں لہذا ایسے گھناؤنے جرائم کرنے والے جرائم پیشہ افراد کے خلاف اسی طرح کریک ڈان جاری رکھتے ہوئے مزید موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی تاکہ معاشرے کو امن کا گہوارہ بنایا جائے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور:پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈان، گزشتہ روز مختلف مقدمات میں بھاری مقدار میں منشیات وشراب سمیت گرفتار ملزمان

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (461)

24-08-2023

**بہاولپور(                ) آئی جی پنجاب کے احکامات، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز سے میٹنگ، منشیات فروشوں کی گرفتاریوں اور قانونی کاروائی کے حوالے سے ضلعی پولیس کو ٹاسک، منشیات فروشوں کے خلاف جاری مہم کو مزید تیز کیا جائے، روزانہ کی بنیاد پر ہر تھانے کی پراگریس چیک کی جائے گی۔ وہی ایس ایچ او کامیاب تصور ہوگا جس کے علاقہ سے منشیات کا خاتمہ ہوگا، ڈی پی او**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی منشیات فروشوں کی گرفتاریوں کے حوالے سے جاری مہم کے تحت، ریجنل پولیس آفیسر رائے بابر سعید کی ہدایات اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات کی روشنی میں بہاولپور پولیس نے رواں ماہ اگست میں منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے کل 99 مقدمات درج کر کے 99 ملزمان کو گرفتار کیا اور ان کے قبضہ سے 52 کلو 715 گرام چرس، 82 گرام آئس، 900 گرام ہیروئن، 100 گرام افیون، 1886 لیٹر شراب، 600 لیٹر لہن اور 06 عدد چالو بھٹیاں برآمد کیں۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز سے میٹنگ کرتے ہوئے کہا کہ جناب آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے احکامات کی روشنی میں منشیات فروشوں کے خلاف جاری مہم کو مزید تیز کیا جائے، منشیات فروشوں کی فہرستیں تیار کی جائیں اور تکنیکی وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ آئی ٹی کی ٹیمیں تھانوں کی سطح پر افسران سے تعاون کر کے ملزمان کی نقل و حرکت کا تعین کریں اور ہر ممکن وسائل کو استعمال کرتے ہوئے منشیات فروشی کا خاتمہ کیا جائے۔ میں خود روزانہ کی بنیاد پر تمام تھانوں کی پراگرس چیک کروں گا اور اس بابت ہر ایس ایچ او اپنی کارکردگی رپورٹ بھیجے گا۔ وہی آفیسر کامیاب تصور ہوگا جس کے علاقہ سے منشیات کا خاتمہ ہوگا۔ اچھی پرفارمنس والے افسران کو سرٹیفکیٹس اور انعامات تقسیم کیے جائیں گے جبکہ ناقص کارکردگی پر سخت باز پرس ہوگی۔ میٹنگ کے دوران ڈی پی او نے مزید ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ منشیات فروشوں کے خلاف خفیہ سٹنگ آپریشن بھی کیا جائے گا جس بھی تھانے کی حدود سے منشیات فروشی کا عمل ہو رہا ہوگا وہ اپنے آپ کو محکمانہ احتساب کیلئے تیار رکھے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز سے میٹنگ، منشیات فروشوں کی گرفتاریوں اور قانونی کاروائی کے حوالے سے ہدایات جاری کیں